**AQF / Shabbir**

**02-10-2023**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آ کاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

**(Music)**

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں شبانہ رحمان

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

☆ ملک آج، بابائے قوم مہاتما گاندھی کو اُن کے **154** ویں یوم پیدائش پر خراج عقیدت پیش کررہا ہے۔

☆ وزیراعظم نریندر مودی آج راجستھان اور مدھیہ پردیش کا دورہ کریں گے، وہ وہاں **26** ہزار کروڑ روپے سے زیادہ لاگت والے بہت سے ترقیاتی پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد رکھیں گے اور اِن میں سے کچھ کو قوم کے نام وقف کریں گے۔

☆ منی پور کے وزیراعلیٰ این برین سنگھ نے دو طلباء کی ہلاکت کے سلسلے میں، چار ملزموں کی گرفتاری کا اعلان کیا ہے۔

☆ بھارت کے محکمہ موسمیات نے آج بہار، جھارکھنڈ، اڈیشہ اور چھتیس گڑھ میں بہت شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔

☆ اور : **Hangzhou** ایشیائی کھیلوں میں، آج بھارت کی کبڈی مہم کا آغاز ہوگا، جس میں خواتین کی ٹیم، اپنے پہلے گروپ مقابلے میں چینی تاپے کا سامنا کرے گی۔

**(Music)**

اب خبریں تفصیل سے۔

**GANDHI JAYANTI**

ملک آج بابائے قوم مہاتما گاندھی کو، اُن کے **154** ویں یوم پیدائش پر خراج عقیدت پیش کر رہا ہے۔ پورے ملک میں اور بیرون ملک بھارتی مشنوں میں بہت سی تقریبات منعقد کی جارہی ہیں۔ قومی راجدھانی میں، راج گھاٹ پر باپو کی سمادھی پر سبھی مذہبوں کا ایک دعائیہ جلسہ منعقد کیا جارہا ہے۔

مہاتما گاندھی کے یوم پیدائش پر، اُن کے وطن گجرات میں مختلف پروگرام منعقد کئے جارہے ہیں۔ احمدآباد میں سابرمتی آشرم اور پوربندر میں کیرتی مندر میں سبھی مذہبوں کا دعائیہ جلسہ منعقد کیا جارہا ہے۔

ہمارے نامہ نگار نے بتایا ہے کہ ریاستی سرکار آج ''متحرک گجرات، متحرک ضلع'' پروگرام کا آغاز کرے گی۔ پیش ہے ریاستی سرکار کی طرف سے متحرک گجرات، متحرک ضلع پروگرام کے آغاز کے بارے میں ایک رپورٹ۔

**V-C Aparna Khunt** ایک رپورٹ۔

*ریاستی حکومت، دسویں درخشاں گجرات عالمی سربراہ کانفرنس کے حصے کے طور پر تمام 33 ضلعوں اور چار میٹرو شہروں میں آج سے 'درخشاں گجرات، درخشاں ضلع' پروگرام شروع کررہی ہے۔ یہ پروگرام، گاندھی جینتی سے لے کر سردار پٹیل کی جینتی 31 اکتوبر تک جاری رہے گا۔ اس پروگرام کے حصے کے طور پر مختلف سرگرمیوں کا اہتمام کیا جائے گا، جس کے تحت ہر ضلعے میں نمائشیں منعقد کی جائیں گی، جن میں مقامی مصنوعات پیش کی جائیں گی۔ نمائش میں ایک ضلع ایک پروڈکٹ، اسٹارٹ اپس، مقامی MSME بھی شامل ہیں۔ ان پروگراموں میں اپنی مدد آپ گروپ، کسانوں کی پیداوار سے متعلق تنظیمیں FPOs، خاتون صنعت کار، کھادی اور دیہی صنعتیں حصہ لیں گی۔*

*احمد آباد سے اپرنا کھنٹ کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں......*

صدر جمہوریہ اور نائب صدر جمہوریہ نے مہاتما گاندھی کو خراج عقیدت پیش کیا۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے اپنے پیغام میں کہا کہ سچائی اور عدم تشدد کی، مہاتما گاندھی کی اقدار نے دنیا کو ایک نیا راستہ دکھایا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مہاتما گاندھی نے اپنی پوری زندگی میں نہ صرف عدم تشدد کیلئے جدوجہد کی، بلکہ انہوں نے صفائی ستھرائی، خواتین کو بااختیار بنانے، خود کفالت اور کاشتکاروں کے حقوق کیلئے جدوجہد کی۔ انہوں نے چھوت چھات، سماجی تفریق اور ناخواندگی کے خلاف بھی لڑائی لڑی۔ صدر جمہوریہ مرمو نے کہا کہ مہاتما گاندھی نے ہر ایک کو تحریک دی کہ وہ آزادی کی جدوجہد میں حصہ لے۔ انہوں نے ایک بڑی تحریک کی قیادت کی، جس کی وجہ سے تاریخ بدل گئی اور ہمیں آزادی ملی۔

نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ نے کہا کہ سچائی اور عدم تشدد کے مہاتما گاندھی کے اصول، نوآبادیاتی حکمرانی کے خلاف، آزادی کیلئے بھارت کی جدوجہد میں، رہنمائی کرنے والی روشنی ثابت ہوئے۔ انہوں نے کہا کہ آزادی اور مساوات کیلئے باپو کی انتھک کوشش، نہ صرف بھارت بلکہ عالمی برادری کیلئے بھی ایک مشعل راہ ثابت ہوئی۔ ملک آج سابق وزیراعظم لال بہادر شاستری کو بھی، اُن کے یوم پیدائش پر یاد کر رہا ہے۔ سوشل میڈیا پر ایک پوسٹ میں وزیر خارجہ ایس جے شنکر نے کہا کہ لال بہادر شاستری کی ہمت، خدمت اور سادگی کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔×

**PM- RAJASTHAN MP**

وزیراعظم نریندر مودی آج راجستھان اور مدھیہ پردیش کا دورہ کریں گے اور 26 ہزار کروڑ روپے مالیت کے مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں کا سنگِ بنیاد رکھیں گے اور انھیں قوم کے نام وقف کریں گے۔ وزیراعظم چتور گڑھ کا دورہ کریں گے اور وہاں تقریباً سات ہزار کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں کو قوم کے نام وقف کریں گے اور سنگِ بنیاد رکھیں گے۔ ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ جناب مودی چتور گڑھ میں ایک عوامی جلسے سے بھی خطاب کریں گے۔

ایک رپورٹ۔ VC/- Jitender Dwivedi

وزیراعظم کے ذریعے مہانہ، بھٹنڈا، گرداس پور گیس پائپ لائن وقف کی جائے گی۔ یہ پائپ لائن تقریباً چار ہزار پانچ سو کروڑ روپے کی لاگت سے تعمیر کی گئی ہے۔ وزیراعظم آبو روڈ پر HPCL کے LPG پلانٹ کو بھی وقف کریں گے۔ یہ پلانٹ 86 لاکھ سلینڈرس سالانہ بھرے گا اور تقسیم کرے گا۔ وزیراعظم Darah Jhalawar Teendhar سیکشن کی قومی شاہراہ نمبر 12 پر چار لین والی سڑک کو بھی وقف کریں گے جو ایک ہزار چار سو 80 کروڑ روپے سے زیادہ لاگت سے تعمیر کی گئی ہے۔ وزیراعظم کے ذریعے ملک کے نام وقف کیے گئے پروجیکٹوں میں چتور گڑھ Neemuch ریلوے لائن کو دوہری کیے جانے کا پروجیکٹ اور Kota-Chittorgarh برق کاری کی گئی ریلوے لائن شامل ہے۔ وزیراعظم سودیش درشن اسکیم کے تحت Nathdwara میں سیاحت سے متعلق سہولیات کو بھی وقف کریں گے۔

جے پور سے جتیندر دویدی کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں

بعد میں وزیراعظم جناب مودی مدھیہ پردیش میں گوالیار کا دورہ کریں گے اور تقریباً 19 ہزار 260 کروڑ روپے سے زیادہ کے مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں کا سنگِ بنیاد رکھیں گے اور قوم کے نام وقف کریں گے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ VC/- Sanjeev Sharma

پردھان منتری آواس یوجنا دیہی کے تحت دو لاکھ سے زیادہ مکانات اور تقریباً 140 کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے پردھان منتری آواس یوجنا شہری کے تحت تیار کیے گئے تیرہ سو سے زیادہ مکانات کو وزیراعظم کے ذریعے وقف کیا جائے گا۔وزیراعظم گوالیار اور Sheopur اضلاع کے لیے ایک ہزار 530 کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے جل جیون مشن پروجیکٹوں کا بھی سنگِ بنیاد رکھیں گے۔ مذکورہ پروجیکٹوں سے خطے کے 720 سے زیادہ گاوؤں کو ایک ساتھ فائدہ ہوگا۔ وزیراعظم نوصحت مراکز کا بھی سنگِ بنیاد رکھیں گے جنہیں 150 کروڑ روپے سے زیادہ کی رقم سے تعمیر کیا جائے گا۔ جناب مودی IIT اندور کے تعلیمی عمارت کو بھی وقف کریں گے اور ہاسٹل سمیت کیمپس میں دیگر عمارتوں کا بھی سنگِ بنیاد رکھیں گے۔ وزیراعظم اندور میں کثیر ماڈل لاجسٹکس پارک اُجین میں مربوط صنعتی ٹاؤن شپ اور گوالیار میں اٹل بہاری واجپئی دیویانگ اسپورٹس تربیتی مرکز کا بھی سنگِ بنیاد رکھیں گے۔

گوالیار سے سنجیو شرما کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں ........

**PM-MAHBUBNAGAR**

وزیر اعظم نریندر مودی نے تلنگانہ کیلئے، ہلدی سے متعلق قومی بورڈ اور **Sammakka Sarakka** قبائلی یونیورسٹی قائم کرنے کا اعلان کیا ہے۔ محبوب نگر میں کل بہت سے ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کرتے ہوئے اور اِنھیں ملک کے نام وقف کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ ہلدی سے متعلق قومی بورڈ سے، ہلدی کے سبھی کاشتکاروں کو مدد ملے گی۔ جناب مودی نے قبائلی یونیورسٹی کیلئے بھی 9 ہزار کروڑ روپے کا اعلان کیا۔x

**BREAK**

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**GONG**

**MANIPUR MURDER CASE**

منی پور کے وزیراعلیٰ این **Biren** سنگھ نے اعلان کیا ہے کہ ریاست میں دو بے قصور طلبا کی بہیمانہ ہلاکت کے سلسلے میں چار ملزموں کو گرفتار کیا گیا ہے۔ یہاں یہ بات قابلِ ذکر ہے کہ **Phijam Hemanjit** اور **Hijam Linthoinganbi** اُن دو طلبا کی بہیمانہ ہلاکت کی تصویریں سوشل میڈیا پر آئی تھیں جو اس سال جولائی سے لاپتہ تھے۔ کل شام **CM** سکریٹیریٹ میں میڈیا کے افراد سے بات کرتے ہوئے جناب سنگھ نے کہا کہ **CBI** کی ایک خصوصی ٹیم نے سبھی افراد کو گرفتار کیا ہے اور مزید تحقیقات کے لیے انھیں ریاست کے باہر لے جایا گیا ہے۔ **Byte: Biren Singh**

وزیراعلیٰ نے لوگوں سے اپیل کی ہے کہ وہ افواہیں نہ پھیلائیں اور یہ کہ ملکوں کے باہر قائم کیے گئے گروپوں کے اشتراک میں کچھ شرپسند عناصر نے موجودہ بحران پیدا کیا ہے۔x

**BJP-CEC**

وزیراعظم نریندر مودی نے راجستھان اور چھتیس گڑھ کے آئندہ اسمبلی انتخابات کیلئے اپنے امیدواروں کی فہرست کو قطعی شکل دینے کی غرض سے، بھارتیہ جنتاپارٹی کی مرکزی انتخابی کمیٹی **CEC** کی ایک میٹنگ منعقد کی۔ پارٹی ذرائع کے مطابق بات چیت میں اصل توجہ اُن حلقوں پر رہی، جہاں راجستھان میں پارٹی کی موجودگی قدرِ کمزور ہے۔ میٹنگ میں راجستھان اور چھتیس گڑھ اسمبلی انتخابات میں بہت سے پارلیمنٹ ارکان اور وزیروں کو اُتارے جانے کے امکانات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ **CEC** کی یہ میٹنگ نئی دلّی میں بی جے پی صدر دفتر میں منعقد کی گئی۔ اس سے پہلے راجستھان اور چھتیس گڑھ کیلئے ایک بنیادی گروپ کی میٹنگ منعقد کی گئی تھی۔

ذرائع کے مطابق راجستھان اسمبلی کی 200 میں سے، 65 سیٹوں پر تبادلہ خیال مکمل کرلیا گیا ہے، جبکہ چھتیس گڑھ میں 69 سیٹوں کے بارے میں تبادلہ خیال کیا گیا۔ BJP صدر جے پی نڈا، مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ، بی جے پی کی قومی تنظیم کے جنرل سکریٹری بی ایل سنتوش، مہاراشٹر کے نائب وزیراعلیٰ دیویندر فڑنویس اور کرناٹک کے سابق وزیراعلیٰ بی ایس یدی یورپا اور CEC کے دیگر ارکان نے بھی میٹنگ میں شرکت کی۔×

## GADKARI AUTOMOBILE INDUSTRY

سڑک ٹرانسپورٹ اور شاہراہوں کے وزیر نتن گڈکری نے کہا ہے کہ بھارت نے اگلے تین سے چار برسوں میں دنیا کا نمبر ایک آٹو موبائل مینو فیکچرنگ مرکز بننے کا نشانہ رکھا ہے۔ جناب گڈکری نے کل چیک جمہوریہ کی راجدھانی Prague میں بھارتی برادری کے ساتھ بات چیت میں یہ بات کہی۔ SB/- Nitin Gadkari

جناب گڈکری نے یہ بھی کہا کہ پچھلے 9 برسوں میں آٹوموبائل صنعت کا حجم چار اعشاریہ پانچ لاکھ کروڑ روپے سے بڑھ کر 12 اعشاریہ پانچ لاکھ کروڑ روپے ہوگیا۔x

## PUNJAB PADDY PROCUREMENT

پنجاب میں دھان کی سرکاری خرید شروع کردی گئی ہے اور ریاستی سرکار نے مختلف منڈیوں میں کسی خامی سے پاک انتظامات کئے ہیں۔ کسی بھی چاول مِل کو، خریداری کا مرکز نہیں بنایا گیا ہے اور دھان کو ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانے والے ٹھیکیداروں، نیز مِل مالکان کیلئے یہ لازمی قرار دے دیا گیا ہے کہ اُن کے پاس، جو دھان سے نکالا ہوا چاول موجود ہے، اس کی مقدار کے بارے میں، جانکاری فراہم کریں۔

ہمارے نامہ نگار نے بتایا ہے کہ کل پہلے دن، 20 ہزار کوئنٹل سے زیادہ دھان کی خریداری کی گئی۔ یہ خریداری، لدھیانہ ضلع میں، ایشیاء کی سب سے بڑی، کھنہ منڈی میں کی گئی۔ V-C Shishu Sharma Shantal

*ریاستی حکومت نے 182 لاکھ میٹرک ٹن دھان کی خریداری کا نشانہ رکھا ہے اور ریاست بھر میں ایک ہزار 806 منڈیاں قائم کی گئی ہیں۔ چاول کی ملوں کو کمپیوٹرائزGPS نظام کے ذریعے ان منڈیوں سے منسلک کردیا گیا ہے۔ ہر منڈی میں بایو میٹرک نظام کے ذریعے کسانوں کی تصدیق کی جائے گی اور وہاں ایک نوڈل افسر مقرر کیا گیا ہے تاکہ تمام بندوبست کی نگرانی کی جا سکے۔ کسانوں کے کھاتوں میں دھان کی رقم کی براہ راست ادائیگی کو یقینی بنایا جائے گا اور ریزرو بینک نے دھان کی خریداری کے سیزن کے لیے نقد جمع کرنے کی حد 37 ہزار 625 اعشاریہ چھ آٹھ کروڑ روپئے مقرر کی ہے۔ جالندھر سے ششو سرما شانتل کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں*

**SPECIAL CAMPAIGNING SWACHHATA**

سوچھتا اور کام کو مکمل طور پر نمٹانے کے موقف کے ساتھ سرکاری دفتروں میں التوا میں پڑے ہوئے کاموں کو بہت حد تک نمٹانے پر توجہ دیتے ہوئے آج ایک تیسری خصوصی مہم شروع کی جائے گی۔

مذکورہ مہم مہاتما گاندھی کی جینتی کے ساتھ ہو رہی ہے۔ یہ مہم اس مہینے کی 31 تاریخ تک جاری رہے گی۔ مذکورہ میں گذشتہ دو سال میں منعقد کی گئی خصوصی مہم کی ایک کڑی ہے۔ عملے، عوامی شکایات اور پینشن کی وزارت کے مطابق پچھلی دو سوچھتا مہم کے دوران تقریباً 90 لاکھ دفتروں کی خصوصی جگہوں کو خالی کرالیا گیا ہے اور ان جگہوں کا استعمال کام کاج میں استعمال کیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ حکومت نے کباڑ کو ٹھکانے لگانے سے 370 کروڑ سے زیادہ مالیہ بھی حاصل کیا ہے اور چار لاکھ 56 ہزار عوامی شکایات کا ازالہ کیا گیا ہے۔

**IMD RAINFALL**

بھارتی محکمۂ موسمیات IMD نے آج بہار، جھارکھنڈ، اوڈیشہ اور چھتیس گڑھ میں بہت شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ موسمیات کے دفتر نے کیرالہ میں بھی شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ آسام، میگھالیہ، ناگالینڈ، منی پور، میزورم، تری پورہ اور ارونا چل پردیش میں بھی اگلے تین روز کے دوران شدید بارش ہونے کا امکان ہے۔

**SPAIN FIRE**

اسپین میں، کم از کم 13 افراد ہلاک اور چار دیگر اس وقت زخمی ہوگئے جب اسپین کے جنوب مشرقی شہر Murcia میں ایک نائٹ کلب میں بڑے پیمانے پر آگ لگ گئی۔ آگ لگنے کی وجہ کا ابھی پتہ نہیں چلا ہے، جو جنوب مشرقی Murcia شہر میں Teatre Venue میں بھڑک اٹھی تھی۔

اس دوران Murcia کے میئر Jose Ballesta نے مہلوکین کے احترام میں تین دن کے سوگ کا اعلان کیا ہے۔ اسپین کے وزیراعظم Pedro Sanchez نے بھی مہلوکین کے تئیں تعزیت کا اظہار کیا ہے۔x

**ASIAN GAMES**

Hangzhou میں 2023 کے ایشیائی کھیلوں کے آج نویں دن بھارت کی کبڈی مہم شروع ہوگی، جس میں خواتین کی ٹیم اپنے پہلے گروپ مقابلے میں چینی تاپے کا سامنا کرے گی۔ ٹیبل ٹینس کی خواتین کی ڈبلز کی جوڑی سُترِتا مکھرجی اور Ayhika مکھرجی، آج سیمی فائنل میں شمالی کوریا کا مقابلہ کرے گی۔ بھارت کے ٹریک اینڈ فیلڈ کے ایتھلیٹس نے کُل 9 تمغے جیتے تھے، لہٰذا آج بھی اُن پر نظریں رہیں گی۔

مردوں کی 200 میٹر دوڑ میں اَملان بورگوہین اور بھارت کی، چار ضرب چار سو میٹر کی مکسڈ ٹیم بھی آج اپنی کارکردگی کا مظاہرہ کرے گی۔ بھارت کی مردوں کی ہاکی ٹیم کا مقابلہ آج پول-اے کے فائنل میچ میں بنگلہ سے ہوگا۔ خواتین کی باسکٹ بال کے کوارٹر فائنل میں بھارت اور DPR کوریا آمنے سامنے ہوں گے۔ بھارتیہ آتھلیٹس آج کُشتی رانی کے چار مقابلوں میں بھی حصہ لیں گے۔ گھُڑ دوڑ میں چھلانگ لگانے والی ٹیم اور انفرادی مقابلے کے فائنل بھی منعقد ہوں گے۔

تیر اندازی، برج، شطرنج، غوطہ زنی، Kurash، رولر اسکیٹنگ، Sepaktakraw اور اسکویش میں بھی بھارتی آتھلیٹس حصہ لیں گے۔ اسی دوران اسکیٹنگ میں بھارت کی مردوں اور خواتین کی ٹیموں نے آج صبح کانسے کے تمغے جیتے۔ ابھی تک تمغوں کی تعداد کے سلسلے میں بھارت چوتھے نمبر پر ہے، اُس نے کُل 55 تمغے حاصل کئے ہیں، جن میں سونے کے 13، چاندی کے 21 اور کانسے کے 21 تمغے شامل ہیں۔

**JITENDRA-SCIENCE**

مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے سائنس وٹیکنالوجی اور بھارتی زبانوں کے درمیان فرق کو ختم کرنے کی ضرورت پر زور دیاہے۔ وہ کل نئی دلّی میں ٹیکنالوجی اور 'بھارتی بھاشا سربراہ کانفرنس' میں اظہار خیال کر رہے تھے۔ ڈاکٹر سنگھ نے کہا کہ جو لوگ انگریزی نہیں بولتے، وہ اپنی علمی زندگی میں زبان کی رُکاوٹوں کی وجہ سے پیچھے رہ جاتے ہیں۔ ڈاکٹر سنگھ نے ایک ایسے قابل عمل حل کیلئے زور دیا، جو محض پروپیگنڈہ نہ ہو اور مقامی زبان کیلئے تاکیدیں نہ کرے بلکہ اس کی نشوونما کیلئے صحیح معنوں میں ترغیب فراہم کرے۔ وزیر موصوف نے یہ بھی کہا کہ بھارت میں تیار کئے گئے ویکسین اور چندریان مشن کے ذریعہ بھارت کی کامیابی سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ ملک نے حفظان صحت اور ٹیکنالوجی کے میدان میں زبردست ترقی کی ہے۔

ڈاکٹر سنگھ نے ایک بار پھر کہا کہ تبدیلی، رفتہ رفتہ اور بتدریج ہوگی۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ 2047 تک، جب بھارت، آزادی کے 100 سال منائے گا، تو ملک اس محنت کے ثمرے کا بھی جشن منائے گا۔×

<u>یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔</u>

**GONG**

**PRESS COMMENTS**

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......فہیم احمد

شکریہ - شبانہ رحمان

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے سبھی اردو اخبارات نے وزیراعظم کے ذریعے تلنگانہ میں کئی پروجیکٹوں کا سنگِ بنیاد اور آغاز کیے جانے کی خبر کو شہ سرخی بنایا ہے۔ روزنامہ راشٹریہ سہارا کی شہ سرخی ہے: وزیراعظم کا تلنگانہ میں سنٹرل

ٹرائبل یونیورسٹی بنانے کا اعلان، محبوب نگر ضلع میں 13 ہزار پانچ سو کروڑ روپے کے کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد رکھا اور افتتاح کیا۔ اخبارات نے ملک میں سوچھتا مہم کے آغاز سے متعلق خبر کو بھی نمایاں طور پر شائع کیا ہے۔ اس سلسلے میں اخبار انقلاب کی سرخی ہے وزیراعظم نے سوچھتا مہم کی قیادت کی۔ اخبار ہندوستان ایکسپریس کی ایک سرخی ہے کپواڑہ میں اسلحہ و گولہ بارود کا ذخیرہ برآمد۔ ستمبر میں جی ایس ٹی کی آمدنی ایک اعشاریہ 62 لاکھ کروڑ روپے سے زائد درج کیے جانے کی خبر کو بھی اخبارات میں نمایاں ہے۔

اخبارات کی اہم بین الاقوامی خبریں اس طرح ہیں:

- ☆ محمد معیزو مالدیپ کے نئے صدر منتخب
- ☆ ترک پارلیمان کے پاس فدائین حملہ، دو دہشت گرد ہلاک
- ☆ امریکہ میں شٹ ڈاؤن کا خطرہ ٹل گیا۔ آخری لمحات میں کانگریس کے بل پر جوبائیڈن نے دستخط کیے۔
- ☆ نائیجریا میں مسلح افراد نے 25 لوگوں کو اغوا کیا۔

## <u>آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر</u>

- ☆ ملک آج، بابائے قوم مہاتما گاندھی کو اُن کے 154 ویں یوم پیدائش پر خراج عقیدت پیش کررہا ہے۔
- ☆ وزیراعظم نریندر مودی آج راجستھان اور مدھیہ پردیش کا دورہ کریں گے، وہ وہاں 26 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ لاگت والے بہت سے ترقیاتی پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد رکھیں گے اور اِن میں سے کچھ کو قوم کے نام وقف کریں گے۔
- ☆ منی پور کے وزیراعلیٰ این برین سنگھ نے دو طلباء کی ہلاکت کے سلسلے میں، چار ملزموں کی گرفتاری کا اعلان کیا ہے۔
- ☆ بھارت کے محکمہ موسمیات نے آج بہار، جھارکھنڈ، اڈیشہ اور چھتیس گڑھ میں بہت شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔
- ☆ اور : Hangzhou ایشیائی کھیلوں میں، آج بھارت کی کبڈی مہم کا آغاز ہوگا، جس میں خواتین کی ٹیم، اپنے پہلے گروپ مقابلے میں چینی تاپے کا سامنا کرے گی۔

<u>اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔</u>

---------------------------------------